# مولانا شيخ محمد عادل رباني

## ہماری انسانیت کو کیسے برقرار رکھیں؟

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته. أعوذ بالله من الشيطان الرجيم. بسم الله الرحمن الرحيم. الصلاة والسلام على رسولنا محمد سيد الأولين والآخرين. مدد يا رسول الله، مدد يا ساداتي أصحاب رسول الله، مدد يا مشايخنا، دستور مولانا الشيخ عبد الله الفائز الداغستاني، شيخ محمد ناظم الحقاني، مدد. طريقتنا الصحبة والخير في الجمعية.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ

(قُرْآن ٦٩:١١٩) 'اے ایمان والو! اللّٰہ سے ڈرو اور سچوں (صادِقِیْنَ) کے ساتھ رہو۔' اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ فرماتا ہیں، "صالح لوگوں کے ساتھ رہو، صادِقِیْنَ کے ساتھ رہو۔" کیونکہ صالح کا مطلب وہ لوگ جو اللّٰہ ﷻ کو جانتے ہیں اور اللّٰہ ﷻ پر ایمان لائے ہیں۔ وہ بھلائی چاہتے ہیں اور لوگوں کے ساتھ بھلائی کرتے ہیں۔ وہ دین دار ہیں، وہ دین کو قبول کرتے ہیں اور اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ کو قبول کرتے ہیں۔ ان کے ساتھ رہنا اچھا ہے انسانیت کے لیے۔

اب ہم آخری زمانے میں جی رہے ہیں؛ لوگوں نے سب کچھ کھو دیا – ایمان، دین، یقین، کچھ باقی نہیں۔ ہر ایک اپنے ذہن کے مطابق عمل کر رہا ہے۔ غیرمسلمان (کافر) الگ ہیں، اور مسلمان الگ ہیں۔ ہر ایک اپنا راستہ اختیار کرتا ہے، کہتا ہے، "یہی ہے جو مجھے چاہیے، یہی ہے جو میرے خیال میں اچھا ہے۔" اور وہ دوسروں کو بھی یہی نصیحت کرتے ہیں۔ اس کے بعد کچھ اچھا باقی نہیں رہتا۔ اللّٰہ ﷻ کی رضا مندی کے بغیر، کچھ بھی فائدہ مند نہیں۔ چاہے وہ پوری دنیا کو سونے میں بدل دیں، پھر بھی یہ کسی کام کا نہیں۔ صرف اللّٰہ ﷻ کی رضا مندی ہی فائدہ مند ہے۔ اگر اللّٰہ ﷻ کی رضا مندی ہو، پھر یہ تمہارے لیے، تمہارے گھر والوں کے لیے، اور پوری امت کے لیے خیر (اچھا) ہوگا۔

اللّٰہ ﷻ کی رضا مندی کے بغیر کچھ فائدہ مند نہیں۔ ایسے میں جانور انسانوں سے بہتر ہونگے۔ کیونکہ جانوروں کا درجہ کم ہے، لیکن وہ مخلوق اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ کو جانتی ہے، اس ﷻ کی تسبیح پڑھتی ہے، اور اللّٰہ ﷻ کا شکر ادا کرتی ہے۔ ہم یہ کیسے جانتے ہیں؟ اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ ہر چیز کا خالق ہیں، وہ ﷻ ہمیں خبر فراہم کرنے والے ہیں۔ اس ﷻ نے ہی ہمیں یہ بتایا ہے۔ لہٰذا، وہ درجہ، ان کا مرتبہ الگ مقام پر ہے۔ ہمیں ان سے اوپر بڑھنا ہے۔ اگر وہ ایسا نہیں کرتے تو پھر جانوروں کے درجے سے نیچے گر جائیں گے۔ وہ اپنی انسانیت کھو دیتے ہیں۔ انسانیت اللّٰہ ﷻ پر ایمان لانا ہے، اللّٰہ ﷻ کا شکر ادا کرنا ہے۔ اگر وہ یہ نہیں کرتے ہیں بلکہ اس کی جگہ برائی کرتے ہیں، پھر وہ جانوروں سے بھی نیچے گر جاتے ہیں۔ اللّٰہ ﷻ ہمیں محفوظ رکھیں۔ آج کل ہم یہ ہر جگہ دیکھتے ہیں، لوگوں نے اپنی انسانیت کھو دی ہے۔ اللّٰہ ﷻ انہیں ہدایت فرمائیں۔ اللّٰہ ﷻ انسانیت کو محفوظ رکھیں، ان شاء اللہ۔

و من اللہِ التوفیق۔ الفاتحہ۔

www.mawlanasultan.org

# مولانا شيخ محمد عادل رباني

مولانا شیخ محمد عادل ربانی
۰۹ فروری ۲۰۲۶ / ۲۱ شعبان ۱٤٤۷
فجر نماز – اکبابا درگاہ، استانبول